غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST

**قرآن پاک** (مومنو) جب تک تم ان چیزوں میں سے جو تمھیں عزیز ہیں (راہِ خدا میں) صرف نہ کرو گے کبھی نیکی حاصل نہ کر سکو گے۔ اور جو چیز تم صرف کرو گے خدا اس کو جانتا ہے۔ (آلِ عمران:92)

**حدیث پاک** حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا ''علم دین سیکھو، اور دینی علم کے لئے وقار و سنجیدگی سیکھو اور جن سے تم دین کا علم حاصل کرو ان سے خاکسارانہ برتاؤ رکھو''۔ (طبرانی)

اپریل 2006 شمارہ نمبر 18 مرتب کردہ: شعبہ میڈیا اینڈ پروموشن

66۔ ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: 042-5882939,5850966
Visit us: www.get.org.pk
E-mail: info@get.org.pk

## حرفِ آغاز

23 مارچ 1940ء برصغیر کی تاریخ میں ایک یادگار دن شمار کیا جاتا ہے جب صدیوں کی مسافت کے بعد غلامی سے پسی اور ٹکڑوں میں بٹی امت کو امید و انقلاب کی روشنی میسر آئی جس دن سوچوں کا رخ اور عمل کی سمت متعین کر دی گئی۔ ایک نظریے ایک عقیدے کی بنیاد پر آزاد مملکت مسلمانانِ برصغیر کا ہدف ٹھہری۔ 1940ء سے 1947ء کی سات سالہ جدوجہد میں نہ صرف ہمارے لئے بلکہ آنے والی تمام نسلوں کے لئے یہ سبق پوشیدہ ہے کہ جب لوگ اخلاص سے مالا مال، اتحاد کی لڑی میں پروئے، قربانی کے جذبے سے سرشار ہوں تو وقت کامیابی کا ثمر ان کے دامن میں ڈال ہی دیا کرتا ہے۔ عزم مصمم اور عمل پیہم پر یقین رکھنے والوں نے محض سات سالوں میں دور افق پہ اڑنے والے جگنو کی روشنی کو اپنی آنکھوں میں بھر لیا مگر نئی مملکت اور قوم نے 1947ء میں اپنے جس سفر کا آغاز کیا تھا اس کی تعبیر ہنوز تشنۂ تکمیل ہے حالانکہ نصف صدی اپنا سفر طے کر چکی ہے۔ ترقی، خوشحالی، امن اور سکون محض شاندار ماضی کو یاد کرنے، نعروں سے دلوں کو گرمانے اور حریف قوتوں کو لعنت ملامت کرنے سے ہاتھ نہیں آیا کرتے اس کے لیے نوجوان نسل کو اپنے مقام و مرتبہ سے آشنا کرنے کے ساتھ ساتھ سنجیدگی اور تسلسل کے ساتھ تعمیری جدوجہد کا داعیہ درکار ہوتا ہے۔

یوم قراردادِ پاکستان کے قریب ہی وہ اِنقلاب آفریں دن نمودار ہو رہا ہے جس نے بگڑتی ہوئی انسانیت کو ہدایت و نجات کا صراطِ مستقیم عطا کیا۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ ہمارا معاشرہ آہستہ آہستہ اس طرح کی دلدل میں دھنستا جا رہا ہے جس سے 1500 سال قبل نبیِ رحمت ﷺ نے امت کو نکالا تھا۔ امراض، عوارض، نقائص اگر پرانے ہیں تو اس کا علاج بھی اسی ''آبِ نشاط انگیز'' میں ہے جو اس امت نے اللہ کی ہدایت اور نبیِ مہربان ﷺ کی قیادت میں نوش کیا تھا۔ وطن عزیز کا قیام اسی نظریے، عقیدے اور یقین کا مرہون منت ہے اور اس کی بقا، استحکام اور ترقی بھی اسی عہد کی استواری میں پوشیدہ ہے۔ آیئے ان تاریخ ساز ایام کو تجدیدِ عہد اور عزمِ بلند کے عنوان سے منائیں تا کہ مایوسی اور بے یقینی کی تاریکیاں دور ہوں، نجات کا راستہ دکھائی دے اور ایک خوبصورت روشن مستقبل کی نوید سنائی دے۔


آسماں ہوگا سحر کے نور سے آئینہ پوش
اور ظلمت رات کی، سیماب پا ہو جائے گی
پھر دلوں کو یاد آجائے گا پیغامِ سجود
پھر جبیں خاکِ حرم سے آشنا ہو جائے گی

سید وقاص جعفری
(سیکریٹری جنرل)



## مستقبل کا سفر

قوموں کی زندگی میں ایسے لمحات آتے ہیں جو پوری قوم کے لیے ایک امتحان بن جاتے ہیں۔ جو قومیں بروقت ان آزمائشوں اور امتحانات میں کامیابی سے ہمکنار ہو کر دوبارہ ابھر آتی ہیں وہی روشن مستقبل کی طرف پیش رفت جاری رکھ پاتی ہیں اور اگر اس نازک صورتحال کا بروقت تدارک نہ کیا جا سکے تو قوموں کی زندگی میں ایک ایسا خلاء رہ جاتا ہے جسے برسوں کی محنت اور ریاضت سے بھی پُر نہیں کیا جا سکتا۔ ایک ایسا ہی لمحہ ہماری قوم پر 8 اکتوبر 2005 کے زلزلے کی صورت میں سامنے آیا۔ اس قیامت خیز زلزلے نے جہاں ہزاروں عمارتوں کو تہہ و بالا کر ڈالا اور بے شمار انسانی جانیں آنِ واحد میں لقمۂ اجل بن گئیں وہاں ایک اور قومی نقصان تعلیمی عمارات کی تباہی اور طلبہ و طالبات کے جانی نقصان کی صورت میں بھی سامنے آیا۔ ہزاروں طلبہ و طالبات سکولوں کے ملبہ تلے دب کر شہید ہو گئے۔ تعلیمی عمارات کی تباہی اور طلباء و اساتذہ کی شہادت کے باعث متاثرہ علاقوں میں تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی ایک اہم چیلنج ہے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اپنی قومی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں اب تک پانچ سکول قائم کر چکا ہے۔ جس کے نتیجے میں 800 سے زائد طالبہ و طالبات اپنا منقطع تعلیمی سفر پھر سے شروع کر چکے ہیں۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی یہ کوشش گو کہ محدود اور ابتدائی ہے لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ اس عظیم مقصد کو آگے بڑھایا جائے تا کہ روشن مستقبل کی طرف ہمارا سفر کامیابی سے جاری رہ سکے۔



زلزلہ سے متاثرہ بچوں میں سکول بیگ اور کتابیں تقسیم کی جا رہی ہیں۔

## اپنی مدد آپ کے تحت سکول کا قیام

عبداللہ پور ضلع شیخوپورہ میں غزالی سکول سسٹم مقامی آبادی کی بھرپور حمایت رکھتا ہے۔ اس کی ایک واضح مثال غزالی سکول سسٹم کی عمارت کا آغاز ہے۔ عبداللہ پور ضلع شیخوپورہ میں مقامی آبادی نے نہ صرف سکول کے لیے جگہ وقف کی بلکہ وہاں انہوں نے بلڈنگ کے لیے بھی مقامی طور پر حصہ ڈالنے کا اعلان کیا۔ مینجر ایل اے سی ڈی افتخار شیخ نے ان جذبات کو سراہا اور علاقے کے لوگوں کو یقین دہانی کرائی کہ سکول کی مجوزہ زمین پر عمارت بھی جلد شروع ہو جائے گی۔

## لوکل سکول کمیٹی (LSC) کا اجلاس

ایشین فاؤنڈیشن کے ڈسٹرکٹ مینجر انوار چودھری نے غزالی سکول سسٹم دھریمہ ضلع سرگودھا میں لوکل سکول کمیٹی (LSC) کے اجلاس میں اساتذہ، والدین، اہلِ علاقہ اور سکول کے بچوں میں ٹی بی جیسی مہلک بیماری کے بارے میں شعور پیدا کرنے اور اس کے علاج اور احتیاطی تدابیر کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس اجلاس میں مقامی افراد کی بھی بڑی تعداد موجود تھی۔

ضلع ڈیرہ غازیخان میں ڈسٹرکٹ مینجر کے زیرِ صدارت غزالی سکول سسٹم بستی لاڈن اور غزالی سکول سسٹم دائرہ دین پناہ میں LSC کے اجلاس منعقد ہوئے۔

## Content Competency Programme

ہومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ اور آفاق کے زیرِ اہتمام Content Competency Programme پر ایک چھ روزہ ورکشاپ جنوری میں منعقد ہوئی جس میں اسلام آباد اور لاہور ریجن سے 25 اساتذہ نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں ریاضی اور سائنس کے بنیادی تصورات پر لیکچرز ہوئے۔ اس ورکشاپ کی بدولت اساتذہ میں ریاضی و سائنس کے مضامین کو سمجھنے اور جدید طریقہ تعلیم کے تقاضوں کو اپنانے میں بہت مدد ملی۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء کو تکمیلِ کورس کی اسناد بھی دی گئیں۔

## مؤثر تدریسی ڈپلومہ
## Diploma in Teaching Effectiveness (DTE)

غزالی سکول سسٹم دھریمہ ضلع سرگودھا میں DTE ورکشاپ منعقد ہوئی۔ ریسورس پرسن پروفیسر محمد اکرم بھٹی (گورنمنٹ کالج نوشہرہ) تھے۔ انہوں نے ریاضی کے بنیادی تصورات پر لیکچر دیا۔

غزالی سکول سسٹم ٹھل حمزہ میں تحصیل کی سطح پر ایک روزہ تربیتی DTE ورکشاپ منعقد کی گئی جس میں تحصیل بھر کے پرنسپل و اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ورکشاپ کے ریسورس پرسن ڈسٹرکٹ مینجر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ محمد اقبال گوہر تھے۔

غزالی سکول سسٹم ضلع ڈیرہ غازیخان میں بھی DTE ورکشاپ کا انعقاد ہوا۔ ڈسٹرکٹ مینجر جاوید اقبال اخوان نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ اگست 2004 سے شروع ہونے والی DTE جنوری 2006 میں اختتام پذیر ہو رہی ہے۔ انہوں نے DTE مکمل کرنے والے تمام پرنسپل و اساتذہ کو مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ اس کورس کی بدولت جدید طریقہ ہائے تعلیم کو استعمال کرتے ہوئے طلباء کی بہتر رہنمائی ہو سکے گی۔

## ہمارے مہمان

گذشتہ سہ ماہی میں مندرجہ ذیل شخصیات نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ ان سب اصحاب کو ٹرسٹ کے قیام کے اغراض و مقاصد، کارکردگی اور مستقبل کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا گیا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| عبدالرزاق سندھو | دبئی | ڈاکٹر محمد شعیب | بحرین |
| راجہ محمد یعقوب | امریکہ | خالد قاسم | کینیڈا |
| محمد امین مرکاٹیا | امریکہ | یونس شاہد (FOF) | امریکہ |
| رشید احمد صدیقی | امریکہ | | |

## نئے تاحیات ممبرز (New Life Time Members)

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ زیادہ سے زیادہ افراد کی اس عظیم علمی منصوبے میں دامے، درمے، سخنے شرکت کا خواہش مند ہے۔ پچھلی سہ ماہی میں درج ذیل افراد نے اس پکار پر لبیک کہتے ہوئے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی تاحیات ممبرشپ اختیار کی۔ یاد رہے کہ جہالت کے خاتمے کے حوالے سے اس علمی جدوجہد کا تاحیات ممبر (Life Time Member) بننے کی فیس 50 ہزار روپے ہے۔ ادارہ امید کرتا ہے کہ تمام تاحیات ممبرز نہ صرف خود ادارے کے مقاصد کے فروغ کیلئے اپنی عملی شرکت جاری رکھیں گے بلکہ اپنے دوست احباب کو بھی اس علمی کاوش سے متعارف کروانے کا ذریعہ ثابت ہونگے۔ انشاءاللہ

| نام ممبر | اقامتی ملک | نام ممبر | اقامتی ملک |
|---|---|---|---|
| ایم۔ کے رانا | کینیڈا | تفضّل حسین | کینیڈا |
| ڈاکٹر ساجد شکور | کینیڈا | عبدالرزاق سندھو | دبئی |

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام غزالی فورم کا انعقاد

معروف کالم نگار اختر عباس کے اعزاز میں غزالی فورم کی ایک نشست ہوئی جس میں چودھری شوکت (ایم پی اے) ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل (صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ) اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے حاضرین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد مشتاق احمد مانگٹ نے ٹرسٹ کے قیام و مقاصد اور کارکردگی سے حاضرین کو آگاہ کیا۔ انہوں نے شرکاء کو دعوت دی کہ وہ فروغِ تعلیم کی جدوجہد میں ٹرسٹ کا ساتھ دیں۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی اختر عباس نے تعلیم کو ملکی ترقی کے لیے لازمی عنصر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ 1995 جب اس ٹرسٹ نے دیہاتی علاقوں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے کام کا آغاز کیا اور مجھے اسی ہیڈ آفس میں بلایا گیا تھا اس وقت مجھے اندازہ ہی نہیں تھا کہ اتنے محدود وسائل سے اتنی کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے لیکن 262 سکولز، 1200 اساتذہ اور 25000 سے زائد طلبہ و طالبات اس خلوص، عزم اور خود اعتمادی کا منہ بولتا ثبوت ہے جو اس ٹرسٹ کے صدر سے لے کر کسی دور دراز دیہات میں پڑھانے والے استاد سب میں مشترک ہے۔ صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے اپنے خطاب میں حاضرین کی تشریف آوری کا شکریہ ادا کیا۔

## Parent Teacher Meeting (PTM)

ضلع ملتان اور خانیوال کے مختلف سکولوں میں PTM کا انعقاد ہوا جس میں غزالی سکول سسٹم پیرے والہ، غزالی سکول سسٹم شام کوٹ، غزالی سکول سسٹم نور پور، چاوے والا جبکہ ضلع ڈیرہ غازیخان میں غزالی سکول سسٹم بستی لاڈن اور غزالی سکول سسٹم دائرہ دین پناہ، غزالی سکول سسٹم ٹبی اسیران شامل ہیں جس میں اوسطً 70 فیصد والدین نے شرکت کی۔ اس موقع پر والدین کو دسمبر ٹیسٹ کے حوالے سے بچوں کی کارکردگی کے بارے میں بتایا گیا۔

## غزالی سکول سسٹم کے طلباء کا مطالعاتی وتفریحی دورہ

غزالی سکول سسٹم پپلاں کے طلبہ وطالبات نے پرنسپل محمد اشفاق اور اساتذہ کے ہمراہ چشمہ بیراج اور ہائیڈل پاور پلانٹ کا مطالعاتی وتفریحی دورہ کیا۔ طلباء کو ہائیڈل پاور پلانٹ کے اندرونی احاطہ میں لے جایا گیا جہاں انہیں بجلی پیدا کرنے کے متعلق معلومات فراہم کی گئیں اور پلانٹ کے اندرونی حصے دکھائے گئے۔ بچوں کے لئے یہ تمام معلومات نئی اور حیران کن تھیں لہٰذا انہوں نے تمام باتیں بہت غور اور دلچسپی سے سنیں۔ اس موقع پر جماعت چہارم کی جانب سے جماعت پنجم کے اعزاز میں ایک الوداعی پارٹی بھی دی گئی۔ شام ڈھلنے پر اس دورے کا اختتام ہوا۔

## مبارک باد

ادارہ، جمشید علی خان دائریکٹر ایل اے سی ڈی کے صاحبزادے رضوان علی خان کو برطانیہ سے سوفٹ ویئر انجینئرنگ میں پی ایچ ڈی مکمل کرنے اور رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے کی دوہری خوشیوں پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

## پاکستان کا مستقبل روشن ہے؟

غزالی کالج برائے خواتین (دختران اسلام اکیڈمی) کوٹلی ستیاں میں یوم قرارداد پاکستان کے حوالے سے ایک تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں بیت بازی، تاریخ پاکستان کے حوالے سے کوئز پروگرام اور ایک مباحثہ بھی منعقد ہوا۔ جس کا عنوان تھا "پاکستان کا مستقبل روشن ہے؟" اس مباحثہ میں طالبات نے موضوع کے حق اور مخالفت میں تقاریر کیں۔ مباحثہ میں عفانہ ظہور نے اول، جمیلہ نیلم نواز نے دوم اور میمونہ بی بی نے سوم پوزیشن حاصل کی۔

## جذبۂ خدمت برائے زلزلہ زدگان

غزالی سکول سسٹم ضلع خوشاب کے طلبہ وطالبات اور سٹاف نے عیدالضحیٰ کے موقع پر زلزلہ زدگان کے لئے فنڈز اور کھالیں اکٹھا کرنے کے لئے مختلف مقامات پر کیمپ لگائے جن میں لوگوں نے کھالوں کے علاوہ گرم کپڑے، بستر، چادریں اور نقد رقوم کے زمرے میں مبلغ 25,000 روپے دیئے۔ یہ تمام سامان اور رقوم الخدمت فاونڈیشن کے ذریعہ زلزلہ زدگان تک پہنچادی گئیں۔ مزید برآں مبلغ 12,000 روپے بہبودِ طلباء فنڈ میں بھی اکٹھے ہوئے۔

## ذمہ داران ٹرسٹ کے دورہ جات

1. صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل اور سیکرٹری جنرل سید وقاص جعفری نے ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ اور آفاق کے زیر اہتمام چھ روزہ Content Competency Programme کے اختتامی اجلاس میں شرکت کی اور شرکاء میں اسناد تقسیم کیں۔

2. صدر ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، سیکرٹری جنرل ٹرسٹ سید وقاص جعفری اور ڈائریکٹر سکولز عامر چیمہ نے مانسہرہ کے زلزلہ زدہ علاقہ میں ٹرسٹ کی طرف سے قائم سکولز کا دورہ کیا اور اپنے منقطع تعلیمی سفر کو دوبارہ شروع کرنے والے طالب علموں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔

## غزالی سکول سسٹم کے طلباء کا اعزاز

غزالی سکول سسٹم ٹھل حمزہ کے ہونہار طالب علم محمد نعیم ولد محمد حنیف خان نے پرائمری کے سنٹر کے امتحان میں اعلیٰ کارکردگی کے باعث میرٹ اسکالرشپ حاصل کیا۔ اس موقع پر منیجر پریپ، ریجنل منیجر اور ڈسٹرکٹ منیجر نے محمد نعیم اور سکول کے پرنسپل قربان حسین بلوچ اور اساتذہ کو مبارکباد دی اور ان کی انتھک کاوشوں کو سراہا۔

---

تحصیل صفدر آباد ضلع ننکانہ صاحب میں گذشتہ ماہ مقابلہ حسنِ قرات اور مقابلہ حسنِ نعت ہوا۔ جس میں تحصیل صفدر آباد کے تقریباً 20 پرائیویٹ وگورنمنٹ سکولز نے حصہ لیا۔ غزالی سکول سسٹم صفدر آباد سے جماعت ہفتم کے طالب علم اعتزاز الحسن اور جماعت ہشتم کے طالب علم اظہر بلال نے ان مقابلوں میں شرکت کی۔ اعتزاز الحسن نے حسنِ قرات میں مجموعی طور پر دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ اظہر بلال نے حسنِ نعت میں مجموعی طور پر اول پوزیشن حاصل کی۔ یاد رہے کہ اعتزاز الحسن نے پانچویں جماعت میں تحصیل بھر میں اول پوزیشن حاصل کی تھی۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ان تمام طلباء کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

## روشن باتیں

### نبیٔ مہرباں ﷺ کا اندازِ تعزیت

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا ایک لڑکا وفات پا گیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو یہ تعزیتی خط لکھا (غالباً وہ اس زمانے میں یمن میں تھے) خط کا مضمون یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ خط اللہ کے رسول محمدؐ کی طرف سے معاذ بن جبلؓ کے نام ہے۔ تم پر سلامتی ہو، میں اللہ کا شکر اور اس کی تعریف کرتا ہوں جس کے سوا کوئی الہٰ نہیں ہے۔ تم بھی اللہ کا شکر اور اس کی تعریف کرو۔

امّا بعد، اللہ تعالیٰ تمھیں اجر عظیم دے اور تمھیں صبر دے اور ہمیں اور تمہیں شکر کی توفیق بخشے۔ ہماری اپنی جانیں اور مال اور بال بچے یہ سب اللہ کی خوشگوار نعمتیں ہیں اور یہ ہمارے پاس اللہ کی رکھی ہوئی امانتیں ہیں۔ جب تک یہ تمھارے پاس رہیں مسرت اور خوشی تمھیں ملے اور ان کے چلے جانے کے بعد اللہ اجر عظیم سے نوازے۔ تمھارے لئے خدا کی رحمت اور انعام اور ہدایت ہو اگر اجر آخرت کی نیت سے صبر کیا۔ پس تم صبر کرو اور دیکھو تمھاری بے قراری اور بے صبری تمہیں اجر سے محروم نہ کر دے ورنہ پچھتاؤ گے، اور اس بات کا یقین کرو کہ بے صبری سے کوئی مرنے والا لوٹ کر نہیں آسکتا اور نہ غم دور ہوسکتا ہے اور جو حادثہ واقع ہوا ہے اسے تو ہونا ہی تھا۔ والسلام

(المعجم الکبیر للطبرانی)

## آئی اینڈ پی اور سٹوڈنٹ ایڈ پروگرام کی تشکیل نو

◀ آئی اینڈ پی اور سٹوڈنٹ ایڈ پروگرام ڈیپارٹمنٹس کی ازسر نو تشکیل کر کے ،ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد مشتاق احمد مانگٹ نے انہیں تین نئے ڈیپارٹمنٹس ، ریسورس موبلائیزیشن ڈیپارٹمنٹ، انفارمیشن مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور میڈیا اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ میں تبدیل کر دیا ہے۔ یاد رہے کہ آئی اینڈ پی کی اندورنِ ملک ڈونرز سے رابطہ کی ذمہ داری جبکہ سٹوڈنٹ ایڈ پروگرام کی ذمہ داری بیرونِ ملک ڈونرز سے رابطہ تھا۔ تشکیل نو کے بعد ریسورس موبلائیزیشن ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری اندورن و بیرونِ ملک ڈونرز سے رابطہ اور فنڈ ریزنگ ہے۔ انفارمیشن مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری سٹوڈنٹس اور ڈونرز کا ڈیٹا بیس مرتب کرنا اور بوقت ضرورت دیگر ڈیپارٹمنٹس کو مہیا کرنا ہے۔ جبکہ میڈیا اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری پرنٹ والیکٹرونک ذرائع ابلاغ سے رابطہ اور پروموشن میٹریل کی تیاری وپرنٹنگ ہے۔ ■

## بیرون ملک مقیم ڈونرز کا دورہ سکولز

◀ ناروے میں مقیم چوہدری محمد اظہر علی نے غزالی سکول سسٹم 93 گ ب (فیصل آباد) کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سکول کی نامکمل چار دیواری کو مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور اس میں اپنا تعاون پیش کیا۔ ان کے تعاون سے چار دیواری مکمل کرنے کا کام شروع ہو چکا ہے۔ ■

◀ سعودی عرب سے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے معاون سید مختار حسین شاہ نے غزالی سکول سسٹم دھریمہ (ضلع سرگودھا) کا دورہ کیا۔ دورہ کے دوران آپ نے سکول کے تعلیمی و تربیتی معیار کے حوالے سے پرنسپل سے تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے نہ صرف یتیم بچوں کے ساتھ خاصا وقت گزارا بلکہ ان کے سرپرستوں سے ملاقات بھی کی اور مبلغ پچاس ہزار روپے تقسیم کیے۔ ■

## اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ملک روانگی

سٹوڈنٹ ایڈ پروگرام کے کوآرڈینیٹر محمد احمد امریکہ جبکہ آئی ٹی آفیسر ظہیر احمد آسٹریلیا اعلیٰ تعلیم کے لیے روانہ ہو گئے ہیں۔ ان کے اعزاز میں سٹاف کی طرف سے ایک الوداعی پارٹی دی گئی جس میں صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل ، جنرل سیکرٹری سید وقاص انجم جعفری، ایگزیکٹو ڈائریکٹر دارِ ارقم سکولز یاسین خان اور ہیڈ آفس سٹاف نے شرکت کی۔ اس موقع پر تمام افراد نے ان کی اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرونِ ملک روانگی پر نیک جذبات کا اظہار کیا اور کامیابی کے لیے دعا کی۔

## مینجر پریپ کا زلزلہ سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

مینجر پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام شہید الحق ظفر نے ریجنل مینجر اسلام آباد ضیاء اللہ شاہین کے ہمراہ زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں بنائے گئے سکولز کا دورہ کیا۔ اس دورہ کے دوران انہوں نے غزالی سکول سسٹم بسیاں ،شاہوتر ، بانیاں اور گجبوڑی کا بھی دورہ کیا اور طلبہ واساتذہ سے ملاقاتیں کیں انہوں نے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے اس مشکل وقت میں تعلیم عام کرنے کے لئے اپنی خدمات پیش کیں۔

## بہبودِ طلباء مہم

◀ غزالی سکول سسٹم وجھ تحصیل شاہپور ضلع سرگودھا کے پرنسپل محمد سلیم گوندل نے بہبودِ طلباء کے سلسلہ میں اپنے سکول کی طرف سے -/9847 روپے جمع کروائے۔ ڈسٹرکٹ مینجر مرزا محمد فاروق حیدر نے پرنسپل اور ان کے سٹاف کو مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ مزید اساتذہ بھی اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔

---

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**لیاقت بلوچ**
(ممبر قومی اسمبلی)

نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان
امیر جماعت اسلامی صوبہ پنجاب
ڈپٹی سیکرٹری جنرل متحدہ مجلس عمل
صدر متحدہ مجلس عمل پنجاب

حوالہ نمبر 135
23/01/06

محترم ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ،

اُمید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔

آپ کی جانب سے ارسال کردہ غزالی نیوز کا تازہ اور خوبصورت شمارہ ملا، جسے ہر لحاظ سے ایک بہترین بلٹن قرار دیا جا سکتا ہے جو آپ کے ذوق کا آئینہ دار ہے۔ آپ اور آپ کی ٹیم جس انداز میں غزالی کے لئے دن رات ایک کئے ہوئے ہے وہ قابل تحسین ہے۔ اللہ کرے کہ غزالی کے ذریعے ہم تعلیمی انقلاب کا خواب پورا ہوتا دیکھ سکیں۔ اللہ رب العزت ہماری کاوشوں کو قبول فرمائے اور ہم سے وہ کام لے لے جس سے وہ راضی ہو۔

والسلام

(لیاقت بلوچ)

منصورہ لاہور فون:5419520-4, 5432391-5 فیکس:5432194 موبائل:0300-8456292 رہائش: C-108 نیو مسلم ٹاؤن لاہور فون:5857171-2
پارلیمنٹ لاجز اسلام آباد فون:9207477 ایکسٹینشن 422 فیکس:2277881 ای میل: amir@ji.org.pk / punjab@jamaat.org ویب سائٹ: www.jamaat.org

---

## نئی تقرریاں

ٹرسٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے درج ذیل افراد نے فروغ تعلیم کے اس سفر میں اپنی صلاحیتیں پیش کی ہیں۔ ادارہ انہیں خوش آمدید کہتا ہے اور امید کرتا ہے کہ انکی رفاقت اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں سے ادارہ ترقی کی مزید منازل طے کرے گا

| نام | تعلیم | ذمہ داری | شعبہ |
|---|---|---|---|
| محمد رقیم اسلم | ایم سی ایس | نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر | آئی ٹی |
| غلام مصطفیٰ | ایم اے ایجوکیشن | پروگرام آفیسر | پریپ |
| راسخ ظہیر | ایم بی اے | پروگرام آفیسر | ریسورس موبلائزیشن |
| رضوان یونس | ایم بی اے | اسسٹنٹ پروگرام آفیسر | انفارمیشن مینجمنٹ |

## اپیل

یہ مہکتے پھول۔۔۔بن جائیں نہ کہیں رستے کی دھول

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں اب تک پانچ سکول قائم کر چکا ہے اور تین مزید زیرِ غور ہیں۔ ان سکولز میں زیرِ تعلیم یتیم اور مستحق بچوں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے ٹرسٹ دردِ دل رکھنے والے محبِ وطن اور مخیّر خواتین وحضرات سے اپیل بلکہ توقع کرتا ہے کہ وہ ان معصوم اور بے سہارا بچے اور بچیوں کے تعلیمی سفر کو جاری رکھنے کے لیے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ساتھ دیں۔ ایک طالبِ علم کی تعلیمی ضروریات پر سالانہ چھ ہزار روپے خرچ ہوتے ہیں۔ ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ کم از کم ایک طالبِ علم کی کفالت اپنے ذمہ لیں اور صرف -/6000 دے کر فروغ تعلیم کی جدوجہد میں عملی طور پر شامل ہوں۔

# غزالی کالجز برائے خواتین

غزالی کالج برائے خواتین لاہور میں میٹرک کلاسز کے آغاز کے موقع پر افتتاحی تقریب دسمبر 2005ء میں منعقد ہوئی۔اس تقریب کے مہمانِ خصوصی صوبائی وزیرِ تعلیم میاں عمران مسعود جبکہ دیگر مہمانوں میں جماعتِ اسلامی پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری سید منور حسن اور معروف کالم نگار اوریا مقبول جان شامل تھے۔تقریب میں صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل اور جنرل سیکرٹری غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید وقاص انجم نے بھی شرکت کی۔طالبات و والدین سمیت مہمانوں کی ایک بڑی تعداد اس موقع پر موجود تھی۔

تقریب میں ایک طالبہ نے نظامِ تعلیم میں آئے دن کی تبدیلیوں اور اس پر مغربی چھاپ چڑھانے کی کوششوں پر ایک فکر انگیز خاکہ دلچسپ انداز میں پیش کیا اور حاضرین کی توجہ اور داد حاصل کی۔طالبات نے غزالی کالج کے بارے میں اپنے خیالات و تاثرات پیش کرتے ہوئے غزالی کالج کو ایک مثالی ادارہ قرار دیا۔جہاں معیاری تعلیم کے ساتھ اسلامی تناظر میں تربیت پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

ڈائریکٹر کالج جمشید علی خان نے کالج کی سالانہ سرگرمیوں کی رپورٹ پیش کی۔انہوں نے غزالی کالجز کے شاندار نتائج کا تذکرہ کیا اور نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں میں طالبات کی کامیابیوں کی تفصیل بتائی۔انہوں نے کہا کہ غزالی کالج برائے خواتین میں میٹرک کلاسز کا اجراء والدین کے پرزور اصرار پر کیا جارہا ہے یہ اُس اعتماد کا ثبوت جو والدین اس ادارے پر کرتے ہیں۔

صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے فروغ تعلیم کے لیے ٹرسٹ کے زیرِ انتظام چلنے والے غزالی سکولز اور غزالی کالجز کی کاوشوں کا ذکر کیا۔انہوں نے ان مشکلات اور چیلنجز کا بھی ذکر کیا جن کا غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو سامنا ہے ساتھ ہی انہوں نے پاکستان میں رہنے والے اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی تعریف کی جنہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ہر طرح سے ساتھ دیا اور دے رہے ہیں۔ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے امید ظاہر کی کہ محدود وسائل، دیگر مشکلات کے باوجود سستی اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کی یہ جدوجہد جاری و ساری رہے گی۔تقریب سے جماعتِ اسلامی کے جنرل سیکرٹری سید منور حسن نے پروگرام میں طالبات کی کارکردگی کو سراہا اور غزالی کالج کو ایک منفرد و مثالی ادارہ قرار دیا۔معروف کالم نگار اوریا مقبول جان نے طلباء و طالبات کو مقدس امانت جبکہ درس و تدریس کو پیغمبرانہ پیشہ قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی ترقی کے بغیر اقتصادی ترقی ممکن نہیں،لیکن تعلیمی ترقی کا یہ مطلب نہیں کہ ہم مغربی تعلیم کو بغیر سوچے سمجھے اختیار کرلیں بلکہ ہمیں اپنے تہذیب و تمدن کو بھی سامنے رکھنا پڑے گا۔

صوبائی وزیرِ تعلیم میاں عمران مسعود نے اپنے خطاب میں پنجاب حکومت کے تعلیم کے فروغ کے لیے کیے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ تعلیم کا فروغ پنجاب حکومت کی اولین ترجیحات میں سے ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے وہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جیسے اداروں کی قدر کرتے ہیں۔انہوں نے غزالی کالج کی انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ کالج میں ایم اے/ایم ایس سی کلاسز کا اجرا کریں انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ ہر لحاظ سے غزالی کالج برائے خواتین لاہور کی حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

## تربیتی ورکشاپس

◀ غزالی کالج برائے خواتین لاہور میں طالبات و اساتذہ کے لیے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ بعنوان 'اسلام کا نظام اخلاق وحقوق العباد' منعقد ہوئی۔پروفیسر طاہرہ یاسمین (اپوا کالج)، مسز عافیہ سرور اور ثریا اسماء نے مختلف موضوعات پر لیکچرز دیئے۔سینئر پرنسپل غزالی کالجز مسز میمونہ احمد نے اس موقع پر طالبات و اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے ورکشاپ سے بھرپور استفادہ کرنے اور اس کو عملی زندگی میں استعمال کرنے کی تلقین کی۔ ■

◀ غزالی کالج برائے خواتین لاہور کے زیرِ اہتمام ہفتہ خلفائے راشدین منایا گیا جس میں خلفائے راشدین کے حالاتِ زندگی، سیرت و کردار اور خدمات پر گفتگو ہوئی۔علاوہ ازیں ہفتہ امہات المومنین بھی منایا گیا۔دوران ہفتہ مختلف قسم کی سرگرمیوں میں طالبات و اساتذہ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔تقاریر، کوئز پروگرامز اور لیکچرز کے ذریعے امہات المومنین کے سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی۔ ■

◀ غزالی کالج برائے خواتین لاہور میں مختلف مواقع پر خصوصی لیکچرز کا اہتمام کیا گیا۔جن میں 'پیغامِ اقبال' کے موضوع پر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل، 'تزکیہ نفس' کے موضوع پر پروفیسر طاہرہ یاسمین اور 'ترجیحاتِ زندگی' کے موضوع پر عاصمہ غنی نے لیکچرز دیئے۔علاوہ ازیں یوم یکجہتی کشمیر اور عاشورۂ محرم کے حوالے سے بھی مختلف پروگرامز منعقد ہوئے۔ ■

◀ غزالی کالج برائے خواتین لاہور کے زیرِ اہتمام ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپ منعقد ہوئی جس میں پروفیسر راؤ جلیل، سید وقاص جعفری اور افتخار احمد شیخ نے طالبات کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے لیکچرز دیئے۔ ■

◀ غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کے اساتذہ کے لیے دو روزہ ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ورکشاپ کے ریسورس پرسن معروف ماہرِ تعلیم اور سابق ڈین فیکلٹی آف ایجوکیشن علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد ڈاکٹر محمد اطہر خان تھے۔ورکشاپ کا موضوع 'کلاس روم مینجمنٹ'، 'Lesson Plan' اور ٹیچرز ڈائری تھا۔ورکشاپ کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے غزالی ایجوکیشن کے صدر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے کہا کہ غزالی کالجز کا مقصد طالبات کے سیرت و کردار کو اسلام کا حقیقی نمائندہ بنانا اور خواتین سے متعلقہ تمام شعبوں میں قوم کو عمدہ قیادت فراہم کرنا ہے۔انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ طالبات کو معاشرے کے اندر پیش آنے والے چیلنجز کا مقابلہ کرنے اور ایک مثالی کردار ادا کرنے کے لیے تیار کریں۔ ■

◀ غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں متاثرین زلزلہ کی امداد کے لیے ایک فن فیئر کا اہتمام کیا گیا جس کے مہمانِ خصوصی رکنِ قومی اسمبلی حنیف عباسی تھے۔مہمانِ خصوصی نے اس فن فیئر کے انعقاد کے ذریعے امداد کے جذبہ کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ غزالی کالج نے متاثرہ طالبات کو اپنے کالج میں داخلہ دے کر ان کی تعلیم اور قیام و طعام کا انتظام کر کے بڑی ذمہ داری کا ثبوت دیا ہے۔انہوں نے حکومت اور دیگر رفاہی اداروں و تنظیموں پر زور دیا کہ وہ غزالی جیسے اداروں کی مدد و تعاون کریں۔حنیف عباسی نے زلزلہ سے متاثرہ طالبات کے لیے مبلغ-/50,000 کا چیک ڈائریکٹر غزالی کالج اسلام آباد عبدالسلام کے حوالے کیا۔فن فیئر میں دیگر تعلیمی اداروں کی طالبات نے بھی شرکت کی اور پانچ/دس روپے کی ٹکٹیں لے کر زلزلہ سے متاثرہ فنڈ میں اضافہ کیا۔طالبات و اساتذہ نے سٹالز سے مختلف اشیاء کی خریداری کی۔سٹالز سے حاصل ہونے والا منافع زلزلہ سے متاثرہ فنڈ میں جمع کروادیا گیا۔ ■

# Matric Classes Starting at GCW Lahore

An opening ceremony was held at the starting of matric classes in Ghazali College for Women Lahore. The chief guest of this ceremony was Mian Imran Masood, Provincial Education Minister and the other guests were Syed Munawar Hassan, Secretary General Jamaat-e-Islami Pakistan and renowned columnist Auria Maqbool Jaan.Professor Dr.Ishtiaq Ahmad Gondal, President Ghazali Education Trust and Syed Waqas Jafri, Secretary General GET were also among the guests. A large number of students and parents were also present.

A student presented a thought provoking skit on the ever changing educational system and got applause from the audience. While presenting their views the students held Ghazali College an exemplary institution where in addition to providing quality education there is given a great stress on the training in Islamic perspective.Jamshaid Ali Khan, Director GCW presented the annual report of the college. He mentioned the best results of GCW Lahore and informed in detail about the achievements of students in curricular and co-curricular activities. He said that matric classes are being started at the insistence of the parents which exhibits their trust in GCW.

Dr.Ishtiaq Ahmad Gondal has mentioned the efforts of Ghazali schools and colleges in promoting education. He also mentioned the difficulties and challenges Ghazali Education Trust is facing. He appreciated Pakistani nation on cooperating with GET. He hoped that in spite of limited resources the effort of providing quality education would be continued.Syed Munawar Hasan, Secretary General Jamaat-e-Islami has appreciated the performance of the students and held GCW a unique and exemplary instituition.The renowned columnist Auria Maqbool Jaan called the students a holy responsibility and teaching a prophetic profession. He said that social development is not possible without educational progress but it does not mean to adopt western education without consideration rather we will have to be careful about our culture and civilization.

# Training workshops in GCW

A one day workshop was held for the students and teachers of GCW Lahore. The topic of the workshop was "The Islamic ethical system". Professor Tahirah Yaasmeen from APWA College, Mrs.Aafia Sarwar and Surriya Asma delivered the lectures. While addressing to the students and teachers Mrs.Maimoona Ahmad advised the participants to benefit fully from the workshop and implement it in practical life.

A two day workshop was arranged for the teachers in GCW Islamabad. The resource person of the workshop was the renowned educationist and ex. Dean Faculty of Education Allama Iqbal Open University, Dr. Muhammad Tahir Khan. The topic of the workshop was 'Class Room Management, Lesson Management and Teachers' Diary'. While addressing to the ending session of workshop, Dr.Ishtiaq Ahmad Gondal said that the aim of GCW is to make the behavior and attitude of students the true representative of Islam and to provide a better leadership to the nation in all departments of women.

## Visit of the Executive Director Helping Hand (USA)

Executive Director Helping Hand (USA) Irfan Khurshid visited Schools established by Ghazali Education Trust in earthquake affected areas in Azad Kashmir and NWFP. He appreciated the efforts of Ghazali Education Trust in helping the wounded and hapless children to resume their abandoned educational journey. He assured his full cooperation. He also attended Content Competency Program training workshop in Heir school Lahore.Syed Waqas Jafri, Dr.Ishtiaq Ahmad Gondal and Aamir Mehmood Cheema were also present.Mr.Irfan Khurshid showed his deep satisfaction over the training workshop which aims to enable the teachers to adopt modern teaching techniques. He also visited Ghazali Education Trust head office.Syed Waqas Jafri briefed about the performance and activities of Ghazali Education Trust. ■

## Content Competency Program Workshop

In January a six day workshop was arranged named Competent Competency Program under Ghazali Education Trust and AFAQ.Twenty five teachers from Islamabad and Lahore regions attended the workshop. The lectures were delivered on the basic concepts of math. and science. This workshop has helped the teachers to understand math. and science subjects and to adopt modern educational tools. At the end of workshop certificates were awarded to the attendants. ■

## Schools in earthquake areas

Ghazali Education Trust has so far established five schools in the earthquake hit areas. As a result of this effort, more than eight hundred students have resumed their abandoned educational journey. While four schools and one women college are under consideration. Though the effort of GET is limited and is in primary stage yet there is dire need to further this noble cause. The detail of Ghazali School system in earthquake effected areas is as under:-

| S. No. | Place | Distt. | Students |
|---|---|---|---|
| .1 | Bassian (Balakot) | Mansehra | 160 |
| .2 | Shahoter (Balakot) | Mansehra | 150 |
| .3 | Barakot (Balakot) | Mansehra | 130 |
| .4 | Banian (Butgram) | Mansehra | 224 |
| .5 | Balakot city | Mansehra | 127 |

**Proposed Schools:**
Nara (Balakot), Shinkiari, Batal, Gari Habibullah Ghazali College for Women (Mansehra)

# Imam Ghazali

Al-Ghazali is most famous for his contribution in philosphy, religion and sufism, Muhammad ibn Muhammad ibn Muhammad ibn Ahmad, Abu Hamid al-Tusi al-Ghazali al-Shafi'i was born in 1058 C.E. In Khorman, Iran. His father died while he was still very young but he had the opportunity of getting education in the prevalent curriculum at Nishapur and Baghdad. Soon he acquired high standard of scholarship in religion and philosophy and was honored by his appointment as a professor at the Nizamiyah University of Baghdad, which was recognized as one of the most reputed institutions of learning in the golden era of Muslim history.

After a few years, however, he gave up his academic pursuits and worldly interests and became a wandering ascetic. This was a process (period) of mystical transformation. Later, he resumed his teaching duties, but again left these. An era of solitary life, devoted to contemplation and writing then ensued, which lied to the authorship of a number of ever lasting books. He died in 1128 C.E. at Baghdad.

Al-Ghazali made major contribution in Religion, Philosophy and Sufism. A number of Muslim philosophers had been following and developing several viewpoints of Greek philosophy including the Neoplatonic philosophy, and this was leading to conflict with several Islamic teachings. On the other hand, the movement of Sufism was assuming such excessive proportions as to avoid observance of obligatory prayers and duties of Islam. Based on his unquestionable scholarship and personal mystical experience, Ghazali sought to rectify these trends, both in philosophy and Sufism.

In religion, particularly mysticism, he cleansed the approach of sufism of its excesses and re-established the authority of true religion. Yet, he stressed the importance of genuine sufism, which he maintained was the path to attain the absolute truth.

Al-Ghazali was a prolific writer. His immortal books include Tuhafat al-Falasifa (The Incoherence of th Philosophers). Ihya al-'Ulum al-Islamia (The Revival of the Religious Sciences). His works were translated into European languages in the Middle Ages.

Al-Ghazali's criticism of philosophy and his mystical thought are often compared to the philosophical and theological thought of Thomas Aquinas, Nicholas of Autrecourt, and even Descartes and Pascal. In the medieval world, where he was widely believed to be a philosopher, he had an influence through the Latin and Hebrew translations of his writings and through such thinkers as Yehuda Halevi, Moses Maimonides and Raymond Martin of Spain.

Al-Ghazali's influence was deep and everlasting. He is one of the greatest theologians of Islam. His theological doctrines penetrated Europe, influenced Jewsih and Christian Scholasticism and several of his arguments seem to have been adopted by St. Thomas Aquinas in order to re-establish the authenticity of religion.


**Association For Academic Quality ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی**

نجی سکول سسٹمز کا مشترکہ علمی فورم

**قومی تعلیمی نصاب اور اسلامی نظریہ حیات کی روشنی میں لکھی گئی**

**Afaq آفاق**

**آفاق ٹیکسٹ بکس**

- ٹیکسٹ بکس
- ٹیچرز ٹریننگ
- تعلیمی رہنمائی

- مواد کی پیشکش جدید طریقہ تعلیم اور اسلامی تناظر میں
- قومی امنگوں، ملی ثقافت اور روز مرہ زندگی سے مربوط
- اعلیٰ معیار اور ہم عصر سیریز کے مقابلے میں ارزاں
- بچوں کی نفسیات اور ذہنی سطح کے عین مطابق
- طلباء میں غور و فکر اور تجزیاتی سوچ پیدا کرنے میں معاون
- معیاری اور با مقصد تعلیم کا نام

◄ ہیڈ آفس
796۔سی، فیصل ٹاؤن، لاہور فون: 042-5171090-5166406 فیکس: 5171089

کتب ادارہ کے مقرر کردہ ڈیلرز یا براہ راست ہم سے طلب کریں۔


◄ مارکیٹنگ اینڈ سیلز
سیکنڈ فلور کمپیوٹر ایس سینٹر، 3 کورٹ سٹریٹ، لوئر مال، لاہور فون: 042-7248070-7249659-7248259
فیکس: 7248259

◄ آفاق بک شاپ
110۔چیٹر جی روڈ، اردو بازار، لاہور فون: 042-7247585


# تصاویر کے آئینے میں




یونس شاہد (FOF, USA) مشتاق احمد مانگٹ، شہید الحق ظفر اور محمد طارق
کے ساتھ غزالی کالج برائے خواتین لاہور کا دورہ کرتے ہوئے۔




صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل
وزیر تعلیم میاں عمران مسعود کو اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔




عرفان خورشید ایگزیکٹو ڈائریکٹر Helping Hand (امریکہ)
اشتیاق احمد گوندل، سید وقاص جعفری اور شفیق احمد
Content Competency Programme کے موقع پر۔



16 دسمبر یوم سقوط ڈھاکہ کے حوالے سے ہونے والی تقریب کے دوران
ڈاکٹر حسین احمد پراچہ اور عبدالسلام سٹیج پر بیٹھے ہیں جبکہ ایک طالبہ اپنے خیالات کا
اظہار کر رہی ہے۔



سید وقاص جعفری اور اشتیاق احمد گوندل عرفان خورشید ایگزیکٹو ڈائریکٹر
Helping Hand (امریکہ) کو ہنر ٹریننگ سکول کا دورہ کراتے ہوئے۔



معروف کالم نگار اختر عباس کے اعزاز میں منعقدہ غزالی فورم سے ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل
خطاب کر رہے ہیں، سٹیج پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ محمد مشتاق مانگٹ،
اختر عباس اور افتخار شیخ تشریف فرما ہیں۔




میٹرک کلاسز کی افتتاحی تقریب کے دوران ''پاکستان کا نظام تعلیم'' پر خاکہ پیش
کیا گیا۔ عقب میں معروف کالم نگار اوریا مقبول جان توجہ سے خاکہ دیکھ رہے ہیں۔



غزالی سکول سسٹم دیوی ڈسٹرکٹ پنڈی بھٹیاں کے طلبہ وطالبات
اسلام آباد کے چڑیا گھر کی سیر کے دوران۔





سید وقاص جعفری سیکرٹری جنرل، عامر محمود چیمہ ڈائریکٹر پریپ، زلزلہ سے
متاثرہ علاقوں میں دورہ کے دوران بچوں کے ہمراہ



غزالی سکول سسٹم پپلاں کے طلبہ وطالبات چشمہ بیراج اور ہائیڈرل پاور پلانٹ کا
مطالعاتی اور تفریحی دورے کے دوران۔




زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں قائم غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سکول میں
بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔




زلزلے سے متاثرہ طالبات کی امداد کیلئے ہونے والے پروگرام ''فن فیئر'' کے
دوران ایک سٹال میں مہمانوں کی دلچسپی۔